سوال نمبر 8398

منجانب: نعیمہ کشور خاں صاحبہ ایم پی اے۔

سوال	جواب
کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ۔ ا۔ حکومت نے گبین جبہ ضلع سوات میں ایک بہترین سیاحتی مقام بتعاون یونائیٹڈ نیشن ڈیولپمنٹ پروگرام UNDP کی مدد سے بنایا ہے حکومت مذکورہ سیاحتی مقام پر جنگلات کو بچانے کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟۔	ا۔ ہاں یہ درست ہے حکومت گبین جبہ ضلع سوات میں ایک بہترین سیاحتی مقام بتعاون یونائیٹڈ نیشن ڈیولپمنٹ پروگرام UNDP کی مدد سے بنا رہا ہے۔ گبین جبہ میں محکمہ فارسٹ کے اہلکاران با قاعدہ طور پر ڈیوٹی کرتے ہیں۔ اور جنگلات کی حفاظت کیلئے دن رات اپنی ڈیوٹی خوش اسلوبی سے سر انجام دے رہے ہیں۔ غیر قانونی کٹائی پر با قاعدہ Damage Report چاک کرتے ہیں۔ Prosecution کیسز اے سی مٹہ کو ارسال کرتے ہیں۔ اور قانونی طور پر جرمانہ وصول کیا جاتا ہے۔ پچھلے ایک سال میں مٹہ سب ڈویژن نے غیر قانونی کٹائی کے خلاف گبین جبہ بلاک میں 34 Prosecution کیسز اور 7 Compensation کیسز کئے ہیں۔
ب۔ گبین جبہ کے جنگلات میں بڑے پیمانے پر درختوں کو آگ لگا کر اور دوسرے طریقوں سے کاٹنے والوں کے خلاف کیا کاروائی عمل میں لائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	ب۔ ایسا کوئی واقع رونما نہیں ہوا ہے۔ اگر ایسا کوئی واقعہ ہو جائے، تو محکمہ جنگلات اُن لوگوں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی کرتا ہے۔